OPINION POLL


DEMOGRAPHICS

30th August, 2024

# 3 in 5 Pakistanis (59%) think that marrying someone from a different sect would be difficult; men and urban respondents more likely to find it easy: Gallup & Gilani Pakistan

ہر 5 میں سے 3 (59%) پاکستانیوں کے مطابق اُن کی برادری/ کمیونٹی میں مختلف فرقوں سے تعلق رکھنے والے فرد سے شادی کرنا مشکل ہے۔ اس کے برعکس وہ افراد جو مختلف فرقوں میں شادی کرنا آسان سمجھتے ہیں اُن کی شرح مرد حضرات اور شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں زیادہ پائی گئی۔

Question: Please tell us how easy would you say it is to do the following in your community: Marrying a person belonging to a different sect like a Shia sect marrying a Sunni sect.




Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)
Field Dates: 28th June - 10th July 2024

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## ذاتی معلومات

ازدواجی حیثیت

شادی اور سماجی رویے پر پریس ریلیز کی سیریز کا ساتواں حصہ

## ہر 5 میں سے 3 (59%) پاکستانیوں کے مطابق اُن کی برادری/کمیونٹی میں مختلف فرقوں سے تعلق رکھنے والے فرد سے شادی کرنا مشکل ہے۔ اس کے برعکس وہ افراد جو مختلف فرقوں میں شادی کرنا آسان سمجھتے ہیں اُن کی شرح مرد حضرات اور شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں زیادہ پائی گئی۔

**(گیلپ&گیلانی پاکستان)،**


(اسلام آباد) ،30 اگست، 2024

گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 5 میں سے 3 (59%) پاکستانیوں کے مطابق اُن کی برادری/کمیونٹی میں مختلف فرقوں سے تعلق رکھنے والے فرد سے شادی کرنا مشکل ہے۔ سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتا ہے خواتین کے مقابلے میں مرد حضرات کی 13% زیادہ شرح کا یہ خیال ہے کہ اُن کی برادری/کمیونٹی میں مختلف فرقوں سے تعلق رکھنے والے فرد سے شادی کرنا مشکل ہوگا۔ اسی حوالے سے رائے رکھنے والوں کی شرح دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد میں 7% زیادہ پائی گئی۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے شادی اور سماجی رویے کے موضوع پر جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔ اس پریس ریلیز کی سیریز کی پچھلی رپورٹ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کیا کہیں گے کہ آپ کی برادری/کمیونٹی میں یہ کرنا کس حد تک آسان ہے؟- مختلف فرقوں سے تعلق رکھنے والے فرد سے شادی کرنا جیسا کہ شیعہ فرقے کا سنی فرقے میں شادی کرنا؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 14% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی برادری/کمیونٹی میں مختلف فرقوں سے تعلق رکھنے والے فرد سے شادی کرنا جیسا کہ شیعہ فرقے کا سنی فرقے میں شادی کرنا 'بہت زیادہ آسان' ہے، 15% جوابدہندگان کے مطابق 'کسی حد تک آسان' ہے، 19% جوابدہندگان کے مطابق 'کسی حد تک مشکل' ہے، جبکہ 40% جوابدہندگان کے مطابق اُن کی برادری/کمیونٹی میں مختلف فرقوں سے تعلق رکھنے والے فرد سے شادی کرنا جیسا کہ شیعہ فرقے کا سنی فرقے میں شادی کرنا 'بہت زیادہ مشکل' ہے، تاہم 13% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کیا کہیں گے کہ آپ کی برادری/کمیونٹی میں یہ کرنا کس حد تک آسان ہے؟- مختلف فرقوں سے تعلق رکھنے والے فرد سے شادی کرنا جیسا کہ شیعہ فرقے کا سنی فرقے میں شادی کرنا۔"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے:** سروے میں شامل پاکستانی خواتین (22%) کی نسبت پاکستانی مرد حضرات کی 13% زیادہ شرح کا یہ ماننا ہے کہ اُن کی برادری/کمیونٹی میں مختلف فرقوں سے تعلق رکھنے والے فرد سے شادی کرنا آسان ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ، وہ افراد جن کا خیال ہے کہ اُن کی برادری/کمیونٹی میں مختلف فرقوں سے تعلق رکھنے والے فرد سے شادی کرنا مشکل ہے کی شرح مرد حضرات (54%) کی نسبت خواتین میں 9% زیادہ پائی گئی۔





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**علاقوں کے اعتبار سے:** دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (26%) کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (33%) کی زیادہ شرح کا یہ خیال ہے کہ اُن کی برادری/کمیونٹی میں مختلف فرقوں سے تعلق رکھنے والے فرد سے شادی کرنا آسان ہے۔ دونوں علاقوں میں، مختلف فرقوں سے تعلق رکھنے والے فرد سے شادی کرنا مشکل ہے کے حوالے سے رائے رکھنے والے افراد کی شرح میں بہت معمولی سا فرق دیکھنے میں آیا۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**عمر کے اعتبار سے:** وہ پاکستانی افراد جن کا خیال ہے کہ اُن کی برادری/کمیونٹی میں مختلف فرقوں سے تعلق رکھنے والے فرد سے شادی کرنا مشکل ہے کے حوالے سے شرح 30 سے 50 سال کی عمر کے گروپ کے افراد میں سب سے زیادہ (65%) پائی گئی، اس کے بعد اس حوالے سے سب سے زیادہ شرح 50 سال سے زائد عمر کے افراد میں (54%) رہی، اور اس حوالے سے سب سے کم شرح 18 سے 29 سال کی عمر کے پاکستانی نوجوانوں میں (48%) پائی گئی جن کے خیال میں مختلف فرقوں سے تعلق رکھنے والے فرد سے شادی کرنا مشکل ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 755 مرد و خواتین سے 28 جون تا 10 جولائی 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

## شادی اور سماجی رویے پر 2024 میں جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز

2024 میں پاکستان میں شادیوں اور اس پر سماجی رویے پر گیلپ پاکستان کی جانب سے جاری کی جانے والی پریس ریلیز کی سیریز تک رسائی حاصل کرنے کیلئے آپ مندرجہ ذیل لنک پر کلک کر سکتے ہیں۔

**پریس ریلیز 1** : ازواجی حیثیت – https://gallup.com.pk/post/37262

**پریس ریلیز 2** : والدین کی پسند کی شادی (Arranged Marriage) یا اپنی پسند کی شادی (Love Marriage) – https://gallup.com.pk/post/37276

**پریس ریلیز 3** : شادی کا عرصہ / سال – https://gallup.com.pk/post/37288

**پریس ریلیز 4** : شادی کے حوالے سے رشتوں کی تلاش – https://gallup.com.pk/post/37293

**پریس ریلیز 5** : اخبارات یا دیگر ذرائع سے شادی/ضرورتِ رشتہ کے حوالے سے اشتہارات – https://gallup.com.pk/post/37297

**پریس ریلیز 6** : شادی کیلئے اپنے شریک حیات کی تلاش میں مدد کے حوالے سے موجود آن لائن ویب سائٹس/ایپ – https://gallup.com.pk/post/37303

GALLUP PAKISTAN

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 30th August, 2024**

*(5 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating 44 years of Gallup Pakistan (1980-2024)